**24.06.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

**Music**

--------------------------------

☆ بھارت نے ایران اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی کا خیر مقدم کیا ہے۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے صلح کے فوراً بعد جنگ بندی کی خلاف ورزی کئے جانے پر اسرائیل اور ایران کی سرزنش کی ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارتیوں کا خون بہانے والے دہشت گردوں کیلئے لڑائی میں کوئی جگہ محفوظ نہیں ہے۔ قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے دہشت گردی کے خلاف دوہرے معیار کو ترک کرنے کی فوری ضرورت پر زور دیا۔

☆ حکومت نے افواج کی جدت طرازی کے اقدام کے طور پر دفاعی عملے کے سربراہ CDS اور فوجی امور کے محکمے کے سیکریٹری کو سبھی تینوں شاخوں کیلئے مشترکہ احکامات جاری کرنے کا اختیار دیا ہے۔

☆ محکمۂ موسمیات نے دلّی، ہریانہ، پنجاب اور راجستھان میں اگلے دو دن کے دوران مانسون کے مزید آگے بڑھنے کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور... انڈرسن–تندولکر کرکٹ ٹرافی میں ہیڈنگلی میں جاری پہلے ٹیسٹ میچ کے آخری دن انگلینڈ کو بھارت نے جیت کیلئے 371 رن کا نشانہ دیا ہے۔

--------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

## India Ceasefire

بھارت نے آج ایران اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی کی خبروں اور امریکہ اور قطر کی جانب سے ادا کئے گئے رول کا خیر مقدم کیا ہے۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں یہ بات دوہرائی ہے کہ خطے میں مختلف تنازعات کے ازالے اور حل کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری کا کوئی متبادل نہیں ہوسکتا۔ وزارت نے کہا ہے کہ بھارت اِن کوششوں میں اپنا کردار ادا کرنے کیلئے تیار ہے اور امید کرتا ہے کہ متعلقہ فریق پائیدار امن واستحکام کیلئے اقدامات کریں گے۔

اس نے مزید کہا ہے کہ بھارت مجموعی اور پائیدار علاقائی سلامتی واستحکام کیلئے سبھی امکانات کے سلسلے میں گہری تشویش رکھتا ہے۔x

## Israel Iran Ceasefire

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اسرائیل اور ایران پر جنگ بندی کی خلاف ورزی کا الزام لگاتے ہوئے دونوں پر نکتہ چینی کی ہے۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ انہوں نے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو سے اُن اسرائیلی طیاروں کو واپس بلانے کو کہا ہے، جو ایران کی جانب روانہ ہوگئے تھے۔ ٹرمپ نے اسرائیل کو انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ وہ ایران پر بمباری نہ کرے۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ اسرائیل کے ساتھ تنازعہ کے پس منظر میں امریکہ، ایران میں اقتدار کی تبدیلی نہیں چاہتا۔

اس دوران اسرائیل کے وزیر اعظم کے دفتر سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ اُس نے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو اور امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے درمیان ہوئی بات چیت کے بعد ایران پر حملے روک دیے ہیں۔

دوسری جانب ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ اُن کا ملک تب تک جنگ بندی کا احترام کرے گا، جب تک اسرائیل اِس کی پاسداری کرے گا۔ صدر پزشکیان نے مزید کہا کہ ایران بات چیت کیلئے تیار ہے اور ایرانیوں کے مفادات کا تحفظ کرے گا۔

اسرائیل اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے اعلان کے کچھ ہی گھنٹوں بعد دونوں فریقوں نے ایک دوسرے پر تازہ حملے کیے اور ایک دوسرے پر جنگ بندی کی خلاف ورزی کا الزام عائد کیا۔ اسرائیلی حکام نے جنگ بندی کے نفاذ کے بعد ایران کی جانب سے داغے گئے تین میزائلوں کے جواب میں تہران کے قریب ریڈار تنصیبات پر اسرائیلی حملے کی تصدیق کی۔ ایران کے Babol اور Babolsar شہروں سمیت اُس کے شمالی صوبے Mazandaran میں دھماکوں کی خبر ہے، جس کے بعد فضائی دفاعی نظام، فعال ہوگیا۔

اس دوران تہران نے کسی نئے میزائل کے داغے جانے سے انکار کیا ہے۔ ایران کی مسلح افواج کے جنرل اسٹاف نے اسرائیل کے اُس دعوے کو مسترد کر دیا، جس میں کہا گیا تھا کہ ایران نے گزشتہ گھنٹوں میں اسرائیل پر میزائل داغے ہیں۔

ایران کے اسلامی پاسدارانِ انقلاب نے یہ بھی کہا کہ ایران کی جانب سے اسرائیل پر کیے گئے آخری میزائل حملے، جنگ بندی کے اعلان سے محض چند منٹ پہلے کیے گئے، جو کہ اسرائیل کے بعد مہلک حملوں کا ردّ عمل تھا۔ اس دوران ٹرمپ کی جانب سے اسرائیلی وزیر اعظم سے سیدھے بات چیت کے بعد کسی واقعے کی کوئی اطلاع نہیں ملی ہے۔ علاقائی فضائی آمد و رفت بتدریج بحال ہو رہی ہے۔ اِدھر ایئر انڈیا نے آج سے مغربی ایشیا کیلئے اپنی خدمات دوبارہ شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ x

## Operation Sindhu

آپریشن سندھو کے تحت آج دوپہر سری لنکا کے تین اور نیپال کے دو شہریوں سمیت کُل 286افراد کو ایران سے بحفاظت نئی دلّی ہوائی اڈے لایا گیا۔ امور خارجہ کے مرکزی وزیر مملکت Pabitra Margherita نے کہا کہ حکومت ایران سے بھارت لائے گئے تمام افراد کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے پر عہد بستہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ ایران سے آنے والا 11واں گروپ ہے اور اب تک دو ہزار 580افراد کو بحفاظت ایران سے وطن واپس لایا

جاچکا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ پڑوسی ممالک کے چھ شہریوں سمیت 594 بھارتی شہریوں کو اسرائیل سے 3 پروازوں کے ذریعے بھارت لایا گیا ہے۔

S/B: Pabitra Margherita

**PM Centerary**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آپریشن سندور کا حوالہ دیتے ہوئے آج اس بات کا اعلان کیا کہ بھارت نے اس بات کو واضح کر دیا ہے کہ بھارتیوں کا خون بہانے والے دہشت گردوں کیلئے کسی بھی پناہ کی گنجائش نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دنیا نے حال ہی میں بھارت کی طاقت کو دیکھا ہے جیسا کہ آپریشن سندور نے عالمی منظرنامے پر دہشت گردی کے خلاف بھارت کی پختہ اور کسی بھی قیمت پر سمجھوتہ نہ کرنے والی پالیسی کا مظاہرہ کیا ہے۔ جناب مودی نے بھارت کے عظیم روحانی اور اخلاقی رہنماؤں سری نارائن گرو اور مہاتما گاندھی کے درمیان تاریخی بات چیت کی صد سالہ تقریب کے دوران یہ بات کہی۔

وزیر اعظم نے کہا کہ ملک، دفاعی شعبے میں خودکفیل بن رہا ہے اور یہ تبدیلی آپریشن سندور کے درمیان مزید واضح طور پر نظر آتی ہے جہاں بھارتی افواج نے اندرونِ ملک تیار کیے گئے ہتھیاروں کا استعمال کرتے ہوئے 22 منٹ کے اندر دشمن کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور کر دیا۔

S/B: PM- Modi- 22

جناب مودی نے اجاگر کیا کہ آج کا بھارت، قومی مفاہمت کیلئے جو صحیح ہے، اس کی بنیاد پر اپنے فیصلے لیتا ہے۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ ملک کا اب اپنی فوجی ضروریات کیلئے غیر ملکوں پر انحصار کم ہوتا جا رہا ہے۔

**Doval**

ایک تازہ پیش رفت میں قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے دہشت گردی کے خلاف لڑائی میں دوہرے معیار کو ترک کرنے اور اقوام متحدہ کی جانب سے نامزد دہشت گردوں اور تنظیموں کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ بیجنگ میں شنگھائی تعاون تنظیم کے اراکین کے سیکیورٹی کونسل سکریٹریوں کی 20 ویں میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے جناب ڈوبھال نے یہ بات کہی۔ انہوں نے دہشت گردی کے ایکو نظام کو تباہ کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ قومی سلامتی کے مشیر ڈوبھال نے اقوام متحدہ کی جانب سے دہشت گرد قرار دیئے گئے گروپوں جیسے لشکر طیبہ، جیشِ محمد، القاعدہ، ISIS اور ان سے تعلق رکھنے والوں سے لاحق خطرات پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ اِن میں سے زیادہ تر گروپ پاکستان سے ریاستی پشت پناہی میں کام کرتے ہیں۔ x

**Rajnath Armed Forces**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے دفاعی عملے کے سربراہ CDS اور فوجی امور کے محکمے کے سکریٹری کو سبھی تینوں شاخوں کیلئے مشترکہ ہدایات اور احکامات جاری کرنے کا اختیار دیا ہے۔ مسلح افواج کی جدت طرازی اور کایا پلٹ کے

تئیں یہ ایک اہم قدم ہے۔ ایک بیان میں وزارتِ دفاع نے کہا کہ پہلے دو یا زیادہ سروسز سے متعلق ہدایات واحکامات ہر ایک شاخ علیحدہ جاری کرتی تھی۔ مشترکہ طور پر احکامات جاری کرنے کے فیصلے سے طریقہ کار کو ہموار کرنا، غیر ضروری عمل کو ختم کرنا اور فوج کی تینوں شاخوں کے درمیان باہمی تال میل کو بڑھانا ہے۔ اس اقدام سے تینوں شاخوں کے مابین بہتر شفافیت، تال میل اور انتظامی صلاحیت کی بنیاد کی تعمیر ہوگی۔ اس فیصلے سے مسلح افواج کے قوم کی خدمت کے متحد مقصد کو مزید تقویت حاصل ہوگی۔x

## Defence Procurement

انسدادِ دہشت گردی کی کارروائیوں میں بھارتی فوج کی تیاری کو مضبوط کرنے کے سلسلے میں ایک اہم قدم کے طور پر وزارت دفاع نے ہنگامی طور پر سازوسامان کی خریداری کے تحت 13 کنٹریکٹ کو منظوری دے دی ہے۔ ایک ہزار 981 کروڑ روپے کی مالیت کے اِن کنٹریکٹ کو بھارتی فوج کیلئے مختص کئے گئے دو ہزار کروڑ روپے کے مجموعی اخراجات کے ساتھ قطعی شکل دی گئی ہے۔x

## Samvidhan Hatya Divas

کل سمودھان ہتیا دِوَس منایا جائے گا۔ یہ اُس دن کو یاد کرنے کا ایک موقع ہے کہ جب 25جون 1975 کو بھارتی آئین کو پامال کیا گیا تھا۔ یہ ہر اُس فرد کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کا بھی ایک دن ہے جس نے ایمرجنسی کی زیادتیوں کا سامنا کیا۔پیش ہے ایک رپورٹ......

VC Anupam Mishra

بڑھتی سیاسی بے چینی اور عدالتی واقعات کے پس منظر میں ایمرجنسی کا اعلان کیا گیا جن سے اُس وقت کی حکومت نبردآزما تھی۔ ایمرجنسی کے دوران پارلیمنٹ نے سلسلے وار آئینی ترامیم منظور کیں جن سے عدالتی اور ادارہ جاتی جائزے طریقہ کار کمزور ہوا۔آکاشوانی پر من کی بات کے اپنے پروگرام میں خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ ایمرجنسی، بھارتی تاریخ کا ایک سیاہ باب تھا۔

S/B PM

انکوائری سے متعلق شاہ کمیشن نے یہ پایا کہ ایک کروڑ سات لاکھ سے زیادہ افراد کی ایمرجنسی کے دوران ملک گیر سطح پر نس بندی کی گئی، اس عرصے کے دوران تقریباً 26ہزار سرکاری شعبے کے ملازمین کو وقت سے پہلے ریٹائر کیا گیا اور عدالتی کارروائیوں کو ظاہر کرنے پر پابندی تھی۔
نئی دلّی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## Shah Emergency

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج 1975میں ایمرجنسی نافذ کرنے کیلئے کانگریس کی یہ کہتے ہوئے نکتہ چینی کی ہے کہ اس کی وجہ ملک کی سلامتی کا تحفظ کرنا نہیں بلکہ اُس وقت کی وزیر اعظم اندرا گاندھی کی حکومت بچانا

تھا۔ جناب شاہ نے نئی دلّی میں ایک یادگاری تقریب 'آپات کال کے پچاس سال' سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ جناب شاہ نے ہر کسی پر یہ یاد رکھنے کیلئے زور دیا کہ لاکھوں افراد نے اس ملک کی جمہوریت کی خاطر لڑنے کیلئے اپنی زندگیوں، روزگاروں اور کنبوں کی قربانی دی۔ جناب شاہ نے اِس بات کا ذکر کیا کہ ملک اس لڑائی کو اس لئے جیت پایا کہ یہاں کے عوام کبھی بھی تانا شاہی کو برداشت نہیں کریں گے۔

S/B Amit Shah

وزیر موصوف نے یہ بھی کہا کہ اس ملک کے عوام کو محض آزاد رہنے کے خیال بھر کیلئے سلاخوں کے پیچھے ڈال دیا گیا۔ انھوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے اس پر ایک کتاب لکھی ہے اور کَل اس کا اجراء کیا جائے گا۔x

## PM Food Processing

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ بھارت کے خوراک کو ڈبہ بند کرنے کے شعبے میں ایک منفرد طریقہ کار کے ساتھ گذشتہ برسوں میں بڑے پیمانے پر تبدیلی آئی ہے جس نے چھوٹے دیہی کاروباریوں کو بااختیار بنایا ہے۔ انھوں نے ایک روزنامے میں خوراک کو ڈبہ بند کرنے کی صنعتوں کے وزیر چراغ پاسوان کے ایک مضمون کو شیئر کرتے ہوئے یہ بات کہی جس سے خوراک کو ڈبہ بند کرنے کے شعبے میں بھارت کے یکسر تبدیلی والے سفر کا اعادہ ہوتا ہے۔ اپنے مضمون میں جناب پاسوان نے کہا ہے کہ وزیر اعظم کے زیر قیادت ملک میں نمایاں تبدیلی آئی ہے۔x

## Vice President Visit

نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ، کَل سے اتراکھنڈ کے نینی تال کے اپنے تین روزہ دورے پر رہیں گے۔

اس دوران نائب صدر کُماؤں یونیورسٹی کی گولڈن جوبلی تقریبات کی صدارت کریں گے اور ادارے کے طلباء اور اساتذہ سے خطاب کریں گے۔

نائب صدر، جمعے کے روز شیرؤوڈ کالج کی 156ویں فاؤنڈرس تقریبات کی بطور مہمانِ خصوصی صدارت کریں گے۔ x

## Bihar Vice President

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے آج کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی حکومت کے گذشتہ دس برس بہترین اقتصادی ترقی اور بنیادی ڈھانچے کے فروغ کے سلسلے میں تاریخی رہے ہیں۔ بہار کے مظفرپور میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب دھنکھڑ نے کہا کہ بھارت نے اقتصادی معاملے میں دنیا میں سب سے اونچا مقام حاصل کیا ہے اور اُس نے 11 طاقتور معیشتوں میں سے چوتھا مقام حاصل کیا۔ انھوں نے کہا کہ نوجوانوں کے پاس اب بیشمار امکانات موجود ہیں جو پہلے کبھی نہیں تھے۔x

## CR Patil Meeting

جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل نے آج نئی دلّی میں گنگا کے تحفظ سے متعلق ٹاسک فورس کی میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ کے دوران وزیر موصوف نے عملی رکاوٹوں کو کم کرنے اور بنیادی ڈھانچے کی فراہمی کیلئے سازگار ماحول کو فروغ دینے کے حکومت کے عزم کو اجاگر کیا۔ وزیر موصوف نے صاف ستھری گنگا سے متعلق قومی مشن NMCG کی اہم سرگرمیوں اور پیشرفت کا بھی جائزہ لیا۔ جناب پاٹل نے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کے نفاذ میں تیزی اور فریقین کے درمیان بڑھتے تال میل کے ذریعے حاصل نتائج کی ستائش کی۔x

## ECI Rahul Gandhi

انتخابی کمیشن نے کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی کے مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کے دوران چناؤ میں دھاندلیوں کے الزامات کو یہ کہتے ہوئے مسترد کردیا ہے کہ پورا انتخابی عمل تفویض اختیارات کے تحت ہوا ہے۔ کمیشن نے کہا ہے کہ سبھی انتخابات پارلیمنٹ کی جانب سے منظور کئے گئے انتخابی قوانین کے تحت ہوئے ہیں اور اُن پر سختی سے عمل کیا گیا ہے۔ کمیشن نے اُنھیں سبھی معاملات پر تبادلۂ خیالات کیلئے باہمی طور پر قابل قبول تاریخ اور وقت پر ایک میٹنگ کیلئے مدعو کیا ہے۔x

## DGCA Review

شہری ہوا بازی کی ڈائریکٹوریٹ جنرل کی جانب سے دلّی اور ممبئی سمیت اہم ہوائی اڈوں پر جامع نگرانی کا عمل انجام دیا گیا۔ نگرانی سے انکشاف ہوا ہے کہ ملک کے ہوا بازی کے ایکو نظام میں متعدد کمیاں ہیں۔ جوائنٹ ڈائریکٹر جنرل و DGCA کی قیادت میں دو ٹیموں نے اہم ہوائی اڈوں پر رات اور صبح سویرے، جامع نگرانی کا عمل انجام دیا۔ نگرانی کے عمل کے دوران، پروازیں چلائے جانے، ہوائی ٹریفک کنٹرول، مواصلات، Navigation اور نگرانی کے نظام اور پرواز سے پہلے طبی جانچ وپڑتال سمیت متعدد اہم پہلوؤں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ اس دوران، ضابطوں کی تعمیل اور اصلاح کیلئے کمزور پہلوؤں کی نشاندہی کرنے کی غرض سے زمینی سرگرمیوں اور طیاروں کی پرواز کی گہرائی سے جانچ کی گئی۔x

## IMD Weather

بھارتیہ محکمۂ موسمیات نے پنجاب، ہریانہ اور راجستھان میں اگلے دو دن میں مانسون کے مزید آگے بڑھنے کیلئے سازگار موسمی صورتحال کی پیشگوئی کی ہے۔ آکاشوانی خبروں سے بات کرتے ہوئے بھارتیہ محکمۂ موسمیات کے سینئر سائنسداں آر۔ کے۔جینا منی نے کہا کہ دلّی اور دیگر علاقوں میں اگلے 36 گھنٹے میں مانسون کی بارش ہونے کا امکان ہے۔

S/B: R.K. Jenamani

محکمۂ موسمیات نے گجرات، کونکن، مدھیہ مہاراشٹر، مدھیہ پردیش میں اکا دکا مقامات پر اگلے چوبیس گھنٹے میں کافی شدید بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا کہ اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ساحلی کرناٹک، مشرقی راجستھان، کرناٹک کے اندرونی علاقے، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ، سوراشٹر اور کچھ، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور اتراکھنڈ میں بھی کہیں کہیں تیز بارش ہوسکتی ہے۔ x

## Cricket

اینڈرسن تندولکر کرکٹ ٹرافی میں بھارت اور انگلینڈ کے درمیان جاری شروعاتی ٹیسٹ میچ کے پانچویں اور آخری دن دوسرے سیشن میں کھیل جاری ہے۔ آخری خبریں ملنے تک انگلینڈ نے دوسری اننگز میں 4وکٹ کے نقصان پر 269رن بنا لئے ہیں۔

انگلینڈ کی جانب سے Ben Duckett نے لنچ وقفے کے بعد اپنی سنچری مکمل کی۔ اننگز کے 39ویں اوور میں محمد سراج کی گیند پر یشسوی جیسوال نے Duckett کا کیچ چھوڑ دیا تھا۔ x

☆☆☆☆☆☆